ریموٹ تدریس (**Remote Learning**) کے بارے میں خاندانوں کے اکثر پوچھے جانے والے سوالات

**چانسلر Carranza کی جانب سے نوٹ:**

عزیزی اہلِ خانہ،

جیسے کہ ہمیں صحت کے ایک انوکھے بحران COVID 19 کا سامنا ہے، ہماری اولین ترجیح اپنے بچوں، اہل خانہ اور عملے کی صحت اور حفاظت ہے۔ ہم پورے شہر میں انتہائی تیزی سے ایک ملین سے زیادہ طلبا کو ریموٹ (بعیدی) تدریس میں منتقل کر رہے ہیں تاکہ اسئ یقینی بنایا جائے کہ وہ اب بھی تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔ یہ حالات ہمارے طلبا، اہل خانہ اور عملے کے لیے عجیب ہیں۔ میں اپنی اسکول برادریوں کا ریموٹ تدریس کو شروع کرنے میں لچک پیدا کرنے کا اور اس مشکل میں ہمارے اسکول اور عملے کا اقدامات اٹھانے میں ایک غیر متزلزل عزم کا انتہائی شکر گزار ہوں۔

ریموٹ تدریس میں، اساتذہ آن لائن اسباق بھیج سکتے ہیں اور طلبا ان تفویضات، پروجیکٹس اور تشخیصات کو ویسے ہی مکمل کر سکتے ہیں جیسے وہ اپنی کلاس روم میں رہ کر کرتے۔ ریموٹ تدریس طلبا اور اسااتذہ دونوں کے لیے آن لائن باعمل ہونے کا مواقع بناتی ہے اور طلبا کو ان مضامین اور مواد کو پڑھنا جاری رکھنے میں مدد دیتی ہے جو ان کے نصاب کے اہم جز ہیں۔ مجھے امید ہے کہ ہمسروں اور اساتذہ سے تعلقات اس انجانے وقت میں مانوسیت اور آرام پیدا کرنے میں مددگار ہوں گے۔
ریموٹ تدریس پیر، 23 مارچ سے شروع ہو گی۔ ایک نئے معمول کے جانب ہماری منتقلی کے دوران، ہم جانتے ہیں کہ سوالات اور مشکلات آئیں گی اور ہم آپ کی شراکت سے اس تبدیلی کو جتنا ممکن ہو سکے گا، آسان بنانے میں پُرعزم ہیں۔ ذیل میں ہم نے اہل خانہ کے لیے اکثر پوچھے جانے والے سوالات دیے ہیں اور سیکھتے رہنے کے دوران ہم اسکی تجدید کرتے رہیں گے۔

اہل خانہ کے لیے اہم معاونت:

- ریموٹ تدریس میں حصہ لینے کے لیے کسی آلے (ڈیوائس) کی ضرورت ہو تو درخواست دینے کے لیے برائے مہربانی اس سروے کو مکمل کریں۔ اگر کسی وجہ سے آپ اس سروے کو مکمل نہیں کر سکے 718-935-5100 پر کال کریں اور انتخاب 5 کو چُنیں۔ ہم سب سے کہہ رہے ہں کہ جلد از جلد اس سروے کو مکمل کریں تاکہ اگر ضرورت ہوئی، ہم آپ کا رابطہ کسی ڈیوائس سے کرا سکتے ہیں۔
- ایک اکاونٹ بنانے کرنے کے لیے **نیویارک شہر محکمئہ تعلیم NYCDOE کی ویب سائٹ پر ہدایات کا جائزہ لیں**
- نصاب ، تفویضات یا ہدایت کے بارے میں سوالات کے لیے، برائے مہربانی اپنے اسکول رابطہ کار سے رجوع کریں۔

آپ کے ساتھ متحد،

Richard A. Carranza چانسلر

**ریموٹ تدریس تک رسائی اور میرے طالب علم کی معاونت کرنا**

**.1 میرا طالب علم کس طرح ریموٹ تدریسی مواد تک رسائی حاصل کر سکتا ہے؟**

ہر نیویارک شہر پبلک اسکول کو ریموٹ تدریس کے لیے ضروری وسائل اور مواد مہیا کیے جائیں گے۔ آپ کا اسکول ریموٹ تدریس کی لیے اپنے طریقئہ کار کے بارے میں آپ سے رابطے میں ہو گا۔ ریموٹ تدریس دیے جانے، طلبا کو رابطے میں رکھنے اور تعلیمی ضروریات کی تکمیل کے لیے نیویارک شہر محکمئہ تعلیم نے ہر طالب علم کے لیے طالبعلم اکاونٹس بنائے ہیں۔ یہ اکاونٹ آپ کو گُگل کلاس روم اور مائیکرو سافٹ آفس 365 کی رسائی دیتا ہے۔ نیویارک محکمئہ تعلیم کی ویب سائٹ پر ہدایات کی مزید معلومات کے لیے اور اگر آپ اپنے طالب علم کے طالب علم اکاونٹ تک رسائی حاصل نہیں کر پا رہے ہیں، اپنے اسکول رابطہ کار سے رجوع کریں . ذیل میں دیکھیں : ڈیوائسس (devices)

**.2 اگر میرے کچھ سوالات ہیں تو میں کیسے اپنے طالب علم کے استاد سے رابطہ کر سکتا ہوں؟**

ہر اسکول نے اہل خانہ سے رابطے کے لیے اپنا طریقہ کار تشکیل دیا ہے جیسے ای میل، مائیکرو سافت ٹیم یا کوئی اور طریقہ۔ آپ کے بچے کا اسکول آپ کو اساتذہ سے رابطہ کرنے کے بہترین طریقے کے بارے میں آگاہ کریگا۔ اگر آپ کو مدد درکار ہے، اسکول کے والدین رابطہ کار سے رجوع کریں۔ اگر آپ کو رابطہ معلومات درکار ہیں schools.nyc.gov/find-a-school اس پر جائیں۔

**.3 اگر میرے پاس انٹرنیٹ کے قابل ڈیوائس نہیں ہے تو میں اسے کیسے حاصل کر سکتا ہوں؟**

کئی اسکول اپنے موجود ذخیرے سے لیپ ٹاپس اور ٹیبلیٹس تقسیم کر رہے ہیں اور اسے لینے کے لیے ہم مہلت کو بڑھا رہے ہیں تاکہ اہل خانہ کی ضروریات کو پورا کرنے کو یقینی بنایا جا سکے۔ ہم تمام اہل خانہ سے ایک سروے کو مکمل کرنے اور اگلے چند ہفتوں میں اپنے بہترین رابطہ معلومات کے بارے میں بتائیں اور ساتھ میں یہ بھی کہ آیا ان کے پاس ایک اسمارٹ فون، لیپ ٹاپ/ ٹیبلیٹ / کمپیوٹر، انٹرنیٹ تک رسائی ہے یا مندرجہ بالا میں سے کچھ بھی نہیں ہے. ہم ان معلومات کو ڈیوائسس کی تقسیم میں ترجیحات کی درجہ بندی کرنے اور اہل خانہ کو انہیں لینے کے مقامات سے آگاہ کرنے کے لیے استعمل کریں گے۔

## تعلیمی پالیسی اور منصوبہ بندی

**.4 حاضری میرے طالب علم کے گریڈز پر کیسے اثر انداز ہوگی؟**

اسکولوں کے پاس حاضری پر نظر رکھنے اور نگرانی رکھنے کا ایک نظام ہے۔ اسکولوں کو گریڈز دینے میں انکی تعلیمی کارکردگی کو لازمی بنیاد بنانا ہوگا۔ غیر حاضری کی وجہ طلبا اپنے کورسس میں فیل نہیں ہو سکتے۔ **اگر آپ کا اسکول، گریڈز کا حساب کرتے وقت حاضری کو شامل کر رہا ہے، وہ اسے COVID-19 کی وجہ سے گریڈز کے حساب کرنے میں شامل نہیں کرے گا۔ آئندہ سے باقی ماندہ سال کے دوران اسکول کسی گریڈ کے حساب کرنے میں حاضری کو شامل نہیں کریں گے۔**

**.5 اگر میرا طالب علم ریموٹ تدریس میں اپنا کام مکمل کرنے کے قابل نہ ہوا تو کیا ہوگا؟**

ریموٹ تفویضات کی وہی اہمیت ہے جو خود آکر تفویضات دینے کی ہے، طلبا سے اپنے اسکول کی ریموٹ تدریس میں شریک رہنے کی ویسے ہی توقع کی جاتی ہے جیسے کہ اسکول آنے کی توقع کی جاتی ہے۔ ریموٹ کام پر گریڈز دیے جائیں گے اور تعلیمی پیشرفت کی نگرانی اساتذہ ریموٹ تدریس کے دوران کریں گے، اس لچک کے ساتھ کہ سب طلبا کے پاس ایک ہی درجہ کی ڈیوائسس یا دیگر معاونتی مواد تک رسائی حاصل نہیں ہے. اگر آپ کا طالب علم بیمار ہے یا کسی وجہ سے ریموٹ تدریس میں شامل ہونے کے قابل نہیں ہے، آپ کو طالب علم کے والدین رابطہ کار سے رجوع کرنا چاہیے۔

**.6 ریموٹ تدریس میں منتقل ہونے پر اسکول طالب علم کے کام کو کیسے گریڈ کریں گے؟**

اسکولوں کے ریموٹ تدریس میں حصہ لینے کے دوران، اساتذہ طالب علم کے کام کو اسکول کی گریڈ دینے کی پالیسی سے ہم آہنگ ہوکر گریڈ کرینگے، اس لچک کے ساتھ کہ سب طلبا کے پاس ایک ہی درجہ کی ڈیوائسس یا دیگر معاونتی مواد تک رسائی حاصل نہیں ہے . طلبا سے اساتذہ کے دیے گئے کام اور سرگرمیوں کو انکی مقررہ تاریخ تک مکمل کرنے کی توقع کی جاتی ہے۔ ہر اسکول کی طلبا سے متعلق کیسے اور کب، تاخیر سے کیے گئے کام کو مکمل کرنے کے بارے میں اپنی پالیسیاں ہیں۔ ریموٹ تدریس کے دوران آپ اسکول کی گریڈ دینے کی پالیسی کے بارے میں مزید معلومات کے لیے اپنے طالب علم کے استاد یا والدین رابطہ کار سے رجوع کریں۔

**.7 ترقی دینے کے فیصلوں پر ریموٹ تدریس میں منتقلی سے کیا اثر پڑے گا؟**

کنڈرگارٹن سے گریڈ 8 تک اسکول طالب علم کے اگلے گریڈ میں جانے کے لیے تیار ہونے کا فیصلہ کرنے کے لیے طالب علم کے کام کے کئی حصوں کا جائزہ لیتے ہیں۔ گریڈ 9 سے 11 تک اسکول کریڈٹس اور امتحان کی تکمیل، اس لچک کے ساتھ کہ سب طلبا کے پاس ایک ہی درجہ کی ڈیوائسس یا دیگر معاونتی مواد تک رسائی حاصل نہیں ہے، کو بنیاد بنا کر ترقی کا فیصلہ

کرتے ہیں۔ ترقی کے فیصلوں کی بنیاد تعلیمی کارکردگی پر مبنی ہونی چاہیے نہ کہ حاضری پر۔ اہل خانہ کو اسکولوں سے جون میں ترقی کے فیصلوں کی توقع رکھنی چاہیے جیسے کہ معمول کے طور پر کرتے ہیں۔ اگر آپ ان کی پیشرفت کے بارے میں فکرمند ہیں اور اضافی معاونت کی ضرورت ہے، اپنے بچے کے استاد سے رجوع کریں۔

**.8 اس سے ان طلبا پر کیا اثر پڑے گا جو اعلیٰ اسکول کریڈٹس حاصل کرنے کے عمل میں ہیں؟**

ریموٹ تدریس کا زور طلبا کو ان کے کورسس اور ریجنٹس امتحانات میں کامیاب ہونے کی تیاری پر ہے۔ اگر طلبا نے ایک پاسنگ گریڈ حاصل کیا ہے، انہیں کورسس کے آخر مین کریڈٹ دیے جائیں گے۔

**.9 ریموٹ تدریس میں منتقلی سے جسمانی تدریس پر کیا اثر پڑے گا؟**

جسمانی تعلیم کی مطلوبات میں کوئی استثنا نہیں ہے۔ ریموٹ تدریس کے جز کے طور پر طلبا جسمانی تعلیم کی ہدایات میں شریک ہونگے تاکہ وہ اپنی علم اور ہنر کو فروغ دے سکیں۔ آپ سے طالب علم کے جسمانی تعلیم کے استاد رابطہ کریں گے اور آپ سے دور سے (ریموٹلی) جسمانی تعلیم میں حصہ لینے کی توقع رکھتے ہیں۔

**.10 COVID-19 کا رد عمل ان ہائی اسکول کے طلبا پر کس طرح اثرانداز ہوگا جنہیں اس تعلیمی سال کے آخر تک سندیافتہ ہونے کی توقع ہے ؟**

اسکولوں کی پوری کوشش ہو گی کہ طلبا کےسندیافتگی کے حصول کی نگرانی کرتے رہیں۔ اس میں طلبا کو انکے کورسس میں مہارت کے حصول میں معاونت دینا اور جون میں امتحانات کی تیاری کرانا شامل ہے۔ ریموٹ تدریس کی منصوبہ بندی طلبا کو اپنے معمول کے کورسس کو جاری رکھنے میں مدد دے گی۔
اس وقت تک، نیویارک ریاست محکمئہ تعلیم (NYSED) نے COVID-19 کی وجہ سے سندیافتگی کی مطلوبات میں تبدیلی نہیں کی ہے۔ آپ کا اسکول آپ کے بچے کی سندیافتگی کے بارے میں میں دستیاب انتخابات سے مطلع کریگا۔ جن طلبا نے تعلیمی سال کے آخر تک مطلوبات مکمل نہیں کی ہیں، انہیں گرمیوں میں اسکول میں ڈپلومہ کے لیے کام جاری رکھنے کا موقع ملے گا۔

**.11 میں اپنے ہائی اسکولر کو کالج اور طرز معاش کے لیے تیاری کی سرگرمیوں میں کیسے مدد کر سکتا / سکتی ہوں؟**

طلبا محکمئہ تعلیم کے**گھر میں رہ کر کالج اور طرزِ معاش کی منصوبہ بندی** کو استعمال کر کے طرز معاش کی تحقیق، سمجھ اور مالی امداد کے طریقئہ کار اور کالجوں میں طلبا کی کامیابیوں کے پروگرام تلاش کر سکتے ہیں. طلبا **کالج کیپسس کا ورچوٗل دورہ** بھی کر سکتے ہیں.
اپنے طالب علم کے کالج اور طرزِ معاش کی منصوبہ بندی میں اضافی مدد کے لیے آپ کا اسکول آپ کو آپ کے اسکول مشیر سے رابطہ کرنے کے بارے میں بھی مطلع کریگا۔

## خاص تعلیم

**.12 میرا بچہ کس طرح ہدایات موصول کریگا؟**

اگر آپ کے بچے کو مربوط باہمی خاص تدریس، یا خاص تعلیم کے استاد کی خدمات تجویز کی گئی ہے، آپ کا اسکول پوری کوشش کریگا کہ انہیں ان ہی خاص تعلیمی استاد (اساتذہ) اور / یا استاد کی ٹیم (موں) اور کلاس روم معاون پیشہ رو جو انہیں اکثر سے ہدایات دیتے ہیں، اسے ان ہی سے ہدایات ملتی رہیں۔ آپ کو اسکول سے کوئی ہدایات دینے کے بارے میں بات چیت کے لیے رابطہ کریگا۔

**13. کیا میرے بچے کے انفرادی تعلیمی پروگرام کی ملاقات اب بھی ہو سکے گی؟**

جی ہاں۔ IEP ملاقات فون کے ذریعے کی جائے گی۔

**14. کیا میں ابتدائی تشخیص یا دوبارا تشخیص کے لیے حوالہ بنوا سکوں گا؟**

والدین پرنسپل کو اس پر specialeducation@schools.nyc.gov ایک ای میل بھیج کر یا 311 پر کال کر کے حوالہ بنوا سکتے ہیں . تشخیصات دور سے (ریموٹلی) سے انجام دی جا سکتی ہیں۔

**15. کیا میرا بچہ اس سے متعلقہ خدمات اب بھی حاصل کر سکے گا؟**

متعلقہ خدمات بذریعۂ ٹیلی تھیراپی، یا وڈیو اجلاس، جیسے بھی طبی طور پر موزوں ہو، فراہم کی جائے گی۔ فراہم کنندہ گان اور اسکول، اہل خانہ سے ہر بچے کی خدمت کی منصوبندی پر بات چیت کرنے ے لیے رابطہ کرینگے۔ فراہم کنندہ گان ان سرگرمیوں کے بارے بھی اہل خانہ کو معلومات فراہم کریں گے جو متعلقہ خدمات۔میں مزید بہتری کے لیے گھر پر دی جا سکتی ہیں۔

**16. کیا میرا بچہ اب بھی معاون ٹیکنولوجی تک رسائی حاصل کر سکے گا؟**

اسکول اہل خانہ کے ساتھ مل کر اس کو یقینی بنانے کے لیے کام کرینگے کہ اہل خانہ کے ان بچوں کو جنہیں معاون ٹیکنولوجی تجویز کی گئی ہے، ڈیوائسس فراہم ہو چکی ہیں اور ان کے لیے انتظامات کرنے کے لیے اہل خانہ سے رابطہ کرینگے.

**17. پری اسکول، چارٹر اسکول، اور غیر پبلک اسکول؟**

چارٹر اور غیر پبلک اسکول انکے منصوبوں کے بارے میں اسکول بند ہونے کے دوران اہل خانہ سے بات چیت کے لیے رابطہ کرینگے۔ طلبا جب بھی مناسب ہوا SETSS ،SEIT اور متعلقہ خدمات دور سے اسی انداز میں حاصل کر سکیں گے جیسے ضلعی اسکولوں میں ایسی خدمات فراہم کی جاتی ہیں۔

## کثیرالسان / انگریزی زبان کے طلبا

**18. میرا بچہ خدمات کیسے حاصل کر سکے گا؟**

ہر اسکول ایک ریموٹ منصوبہ بنائے گا تاکہ اسے یقینی بنایا جا سکے کہ انگریزی زبان کے طلبا اور سابقہ انگریزی زبان کے طلبا کو انگریزی میں مرتکز ہدایات مناسب مقدار میں انکے گھروں پر معاونت حاصل ہوتی رہیں۔ آپ کا اسکول آپ کے بچے کی مخصوص استعداد اور ضروریات کا خیال رکھنا جاری رکھے گا، جیسے آج کل انگریزی زبان میں انکی روانی اور وہ تعلیمی شعبے میں جہاں انہیں سب سے زیادہ معاونت کی ضرورت ہے۔ یہ خدمات ایک موزوں سند یافتہ استاد کے ساتھ مل کر فراہم کی جائیں گے۔

**19. میں اپنی ڈیوائس کو اپنی ترجیحی زبان میں کیسے تبدیل کر سکتا ہوں؟**

آپ اکثر کمپیوٹرز، فونز اور ٹیبلیٹس میں پہلے سے دی گئی زبان اور ترتیب کو ایک ترجیحی زبان میں تبدیل کر سکتے ہیں۔ عام طور پر یہ انتخاب آپ کی ڈیوائس پر "Settings" کے خانے میں تلاش کیا جا سکتا ہے۔

- اپنے آئی فون، آئی پیڈ یا آئی پوڈ میں زبان تبدیل کرنے کے لیے، **ان ہدایات پر عمل کریں۔**
- اپنے اینڈرائیڈ ڈیوائس میں زبان تبدیل کرنے کے لیے، **ان ہدایات پر عمل کریں۔**

NYC Department of Education

### 20. میں آن لائن متن کو کیسے دوسری زبان میں تبیل کر سکتا ہوں؟

گُگل ٹرانسلیٹ آن لائن ایک مفت ایپلیکیشن ہے جو بیشتر ڈیوائسس پر دستیاب ہے۔ اسے اپنی ڈیوائس پر ایک مرتبہ ڈاون لوڈ کرکے بغیر انٹرنیٹ کنیکشن کے بھی استعمال کیا جا سکتا ہے۔ گگل ٹرانسلیٹ کو 100 سے زائد مختلف زبانوں میں متن کا ترجمہ کرنے، خوشخطی اور گویائی اور ویب سائٹس کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے۔
گگل ٹرانسلیٹ کو ڈاون لوڈ کرنے کے لیے ان ہدایات پر عمل کریں:

- اگر آپ نے اب تک اپنے کمپیوٹر پر، گُگل کروم ویب براوزر انسٹال نہیں کیا ہے، اب کر لیں۔ گُگل کروم میں گگل ٹرانسلیٹ کے تمام خدوخال شامل ہیں۔
- آئی فون، آئی پیڈا پر گگل ٹرانسلیٹ ایپ کو ڈاون لوڈ کرنے کے لیے app store پر جائیں۔
- اینڈرائڈ ڈیوائسس پرگگل ٹرانسلیٹ ایپ کو ڈاون لوڈ کرنے کے لیے Google Play پر جائیں۔

## تشخیصات اور احتساب

### 21. اس سے گریڈ 3-8 پر نیویارک ریاستی امتحانات کا کیا اثر مرتب ہو گا؟

نیویارک ریاست محکمۂ تعلیم (NYSED) نے فنونِ انگریزی زبان اور ریاضی کے امتحانات معطل کر دیے ہیں۔

### 22. ریجنٹس امتحانات میں حصہ لینے والے طلبا پر COVID-19 کی وجہ سے کیا اثر پڑے گا؟

ریجنٹس کورسس کے طلبا جون میں ریجنٹس امتحانات دینے کی منصوبہ بندی کریں۔ طلبا کو ہمیشہ ریجنٹس امتحانات دینے کی اجازت ہے چاہے انکی کارکردگی یا حاضری کیسی ہی ہو۔
سائنس ریجنٹس کے لیے، طلبا کوعام طور پر 1,200 منٹ لیبارٹری کی مطلوبات لازماً پورا کرنا چاہیے۔ نیویارک ریاست محکمۂ تعلیم نے اس سال اس مطلوب کی استثنا دے دی ہے۔ طلبا کو انکے سائنس کے اساتذہ کی جانب سے دیے گئی سرگرمیوں کو مکمل کرنا چاہیے، مگر ان سے 1,200 منٹ لیبارٹری میں ہونا مطلوب نہیں ہے۔

### 23. نیویارک شہر NYC کے اسکول سروے پر COVID-19 کی وجہ سے کیا اثر پڑے گا؟

نیویارک اسکول سروے زیر عمل ہے اور جاری رہے گا۔ اگر آپ کے پاس پہلے سے سروے موجود ہے، اسے کاغذ یا آن لائن اس پر مکمل کریں NYCSchoolSurvey.org. اگر آپ کو ایک سروے یا کوڈ موصول نہیں ہوا ہے، آپ اسے 1-877-819-2363 پر کال کر کے اپنا سروے حاصل کر سکتے ہیں۔ آپ کوڈ لُک اپ ٹول کے استعمال سے اس پر NYCSchoolSurvey.org جائیں۔ سروے لاگ ان صفحہ اور جہاں آپ کو "Take the survey NOW" نظر آئے، ایک سروے کو دبائیں۔ اس سروے کو مکمل کرنے کی آخری تاریخ اپریل 8 ہے۔ اگر اسکول بہار کے آخر میں کھلتے ہیں، ہم اس سروے کی تاریخ کو بڑھا سکتے ہیں۔

## ریموٹ تدریس کی تیاری کی جانچ فہرست

ان مختصر مشوروں کو اپنے بچے کی ریموٹ تریس کی بہترین تیاری کرنے کے لیے استعمال کرنے پر غور کریں۔

- ان **ڈیجیٹل ٹولز** سے مانوسیت حاصل کریں جنہیں آپ کا بچہ گھر پر تدریس کے دوران استعمال کریگا.
- تفویضات کی تکمیل اور انٹرنیٹ کے قابل ڈیوائسس پر مناسب طرز عمل کے بارے میں اپنے اسکول کے توقعات کا جائزہ لیں۔
- انکے اس انوکھے انداز میں تعلیم حاصل کرنے کے لیے ایک جگہ کو آراستہ کرنے کے بارے میں غور کریں۔
- ایک معمول اور روزانہ کا شیڈول مرتب کریں جو آپ کے بچے کے گھر میں تعلیم کو کامیابی سےحاصل کرنے میں معاون ثابت ہوں۔
- ایک **سرگرمیوں کی فہرست** مرتب کریں جو آپ اور آپ کا بچہ اپنے کلاس روم ورک کے علاوہ استعمال کر سکتے ہیں۔

.

- اگر آپ کے پاس انٹرنیٹ کے قابل کوئی ڈیوائس نہیں ہے، اس **سروے** کو مکمل کریں!